سوال

(114) راقم کا نام پیدائشی والدین نے غلام نبی رکھا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

راقم کا نام پیدائشی والدین نے غلام نبی رکھا ہے آج کل ہمارے یہاں ایک اہلحدیث عالم اس نام کو ناجائز کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس ایک قسم کا شرک ہے اس کو بدل دو نیز وہ عالم صاحب غلام نبی ، غلام رسول ، غلام محمد ، غلام جیلانی وغیرہ تمام ناموں کو ناجائز بتاتے ہیں لہٰذا اس کے متعلق جناب کی کیا رائے ہے ؟ (سائل غلام نبی طاہری دوکاندار سری نگر کشمیر)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مولوی صاحب مذکور کا قول ایک حدتک صحیح ہے حقیقی معنی میں سارے انسان صرف اللہ تعالی کے بندے و غلام ہیں اور وہی صرف سب کا حقیقی آقا ہے.جملہ انبیاء ورسل وپیر بھی اس کے بندے و غلام ہیں لہٰذا مخلوق کی نسبت صرف حقیقی مالک کی طرف ہونی چاہیۓ آپ حضرت شہید غازی شاہ اسماعیل صاحب کی کتاب تقویۃ الایمان ہر دو حصوں کو پڑھئے حضرت شاہ صاحب نے اس قسم کے ناموں کو ناجائز بتادیا ہے ۔ (اخبار اہلحدیث گزٹ دہلی جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۱۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 09 ص 281

محدث فتویٰ